روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 23 مئی 2007ء 6 جمادی الاول 1428 ہجری 23 ہجرت 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 113

میں نے ناپسند کیا

حضرت عقبہؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ایک دفعہ عصر کی نماز پڑھائی اور پھر جلدی سے اپنی ایک زوجہ کے گھر تشریف لے گئے اور پھر تیزی سے باہر آ کر فرمایا مجھے یاد آ گیا کہ تھوڑا سا سونا گھر میں پڑا رہ گیا ہے میں نے ناپسند کیا کہ وہ میرے پاس پڑا رہے اس لئے میں نے جا کر حکم دیا کہ اسے تقسیم کر دیا جائے۔

(صحیح بخاری کتاب الاذان باب من صلّٰی بالنّاس حدیث نمبر:804)

وصیت کا نظام اصلاح نفس کا زبردست ذریعہ ہے۔ اس کے ذریعہ جنت قریب کی جاتی ہے

میں اپنے انصار بھائیوں کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اس طرف خاص توجہ دیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا انصاراللہ کے لئے خاص پیغام

وصیت کے نظام کو قائم ہوئے خدا کے فضل سے سو سال پورے ہو رہے ہیں۔ حضرت اقدس مسیح موعود نے اپنی وفات سے دو سال قبل اس نظام کو جاری فرمایا۔ یہ آپ کی آخری وصیت تھی جو آپ نے اپنے ماننے والوں کو فرمائی اور یہ خوشخبری دی کہ یہ نظام خدا تعالیٰ کا قرب پانے کا ایک ذریعہ ہے اور اگر تم چاہتے ہو کہ تمہیں خدا تعالیٰ سے خاص انعام ملے تو اس نظام میں شامل ہو جاؤ۔ آپ فرماتے ہیں:۔

"تمہیں خوشخبری ہو کہ قرب پانے کا میدان خالی ہے۔ ہر ایک قوم دنیا سے پیار کر رہی ہے اور وہ بات جس سے خدا راضی ہو اس کی طرف دنیا کو توجہ نہیں۔ وہ لوگ جو پورے زور سے اس دروازہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں ان کے لئے موقع ہے کہ وہ اپنے جوہر دکھلائیں اور خدا سے خاص انعام پاویں"۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 308)

پس وصیت کا نظام اصلاح نفس کا زبردست ذریعہ ہے۔ اس نظام کے قیام سے جنت قریب کر دی گئی ہے۔ اگر کوئی ایک وقت میں جنتی نہیں بھی تو وہ اس نظام میں شامل ہونے کی وجہ سے جنتی بنا دیا جائے گا۔ میں نے جلسہ سالانہ یو۔کے 2004ء کے اختتامی خطاب میں احباب جماعت کو توجہ دلائی تھی کہ اس آسمانی نظام میں اپنی زندگیوں کو پاک کرنے کے لئے۔ اپنی نسلوں کی زندگیوں کو پاک کرنے کے لئے شامل ہوں اور ایک سال میں کم از کم پندرہ ہزار نئی وصایا ہو جائیں تا کہ اس سال کے آخر تک اس نظام میں کم از کم پچاس ہزار موصی بن جائیں اور نظام کے قیام پر سو سال ہو جانے پر کم از کم پچاس فیصد چندہ دہند موصی بن جائیں اور ایسے مومن نکلیں کہ کہا جائے کہ انہوں نے خدا کے مسیح کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے قربانیوں کے اعلیٰ معیار قائم کئے ہیں۔ الحمدللہ کہ میری آواز پر مسیح موعود کی پیاری جماعت نے لبیک کہتے ہوئے اس تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور کثرت سے احمدی نظام وصیت میں داخل ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی ان مالی قربانیوں کو قبول فرماتے ہوئے اپنے قرب سے نوازے۔ اس موقع پر میں اپنے انصار بھائیوں اور خاص طور پر صف دوم کے انصار کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اس طرف خاص توجہ دیں۔ وہ انصار جو اپنے دلوں میں ایمان اور اخلاص تو رکھتے ہیں مگر وصیت کے بارہ میں سستی دکھلا رہے ہیں میری ان کو یہ نصیحت ہے کہ وہ اشاعت...... کی خاطر اور اپنے نفوس میں نیک اور پاک تبدیلیوں کے لئے وصیت کی طرف جلدی بڑھیں کیونکہ جیسا کہ میں نے پہلے بھی بتایا ہے کہ یہ جنت کے حصول کا سب سے اہم ذریعہ ہے۔

زندگی بہت مختصر ہے اور نہیں معلوم کہ کس وقت خدا کی طرف بلاوا آ جائے۔ بعض بڑے مخلصین بغیر وصیت کے نظام میں شامل ہوئے وفات پا جاتے ہیں اور پھر حسرت پیدا ہوتی ہے کہ کاش یہ بھی مخلصین کے ساتھ مقبرہ موصیان میں دفن کئے جاتے۔ ہماری جماعت میں سینکڑوں ایسے قربانی کرنے والے ہیں کہ وہ اپنے اموال کے دسویں حصہ سے زیادہ چندہ دیتے ہیں اور مالی قربانی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں مگر وصیت کرنے میں سستی کرتے ہیں۔ ایسے دوستوں کو میرا یہ پیغام ہے کہ وہ سستیاں ترک کریں اور اس نظام میں شامل ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

وصیت کی شرائط کو اگر غور سے پڑھیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ یہ صرف ایک مالی قربانی کی ہی تحریک نہیں ہے بلکہ اپنے نفسوں کو پاک اور صاف کرنے کا ایک مسلسل جہاد ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ تیسری شرط یہ ہے کہ اس قبرستان میں دفن ہونے والا متقی اور محرمات سے پرہیز کرتا اور کوئی شرک اور بدعت کا کام نہ کرتا ہو۔ سچا اور صاف...... ہو۔ پس اس لحاظ سے انصار کی یہ ذمہ داری بھی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں اپنی بیویوں اور اپنی اولادوں کو بھی دین کو دنیا پر مقدم کرنے کے لئے تیار کریں۔ اپنے بچوں کی بچپن سے ہی دینی ماحول میں تربیت کریں، نمازوں کی عادت ڈالیں۔ مالی قربانی کا جذبہ ان کے دلوں میں پیدا کریں۔ آنحضرت ﷺ، حضرت اقدس مسیح موعود اور نظام خلافت سے محبت اور اطاعت کا جذبہ ان میں اجاگر کریں۔ اگر آپ ایسا کریں گے تو آپ خدا تعالیٰ کا قرب پانے والے ہوں گے۔ اپنی نسلوں کو دنیا کے عذاب سے بچانے والے ہوں گے۔ قوا انفسکم واھلیکم نارا پر عمل کرنے والے ہوں گے۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"چاہئے کہ تم بھی ہمدردی اور اپنے نفسوں کے پاک کرنے سے روح القدس سے حصہ لو کہ بجز روح القدس کے حقیقی تقویٰ حاصل نہیں ہو سکتی اور نفسانی جذبات کو بکلی چھوڑ کر خدا کی رضا کے لئے وہ راہ اختیار کرو جو اس سے زیادہ کوئی راہ تنگ نہ ہو۔ دنیا کی لذتوں پر فریفتہ مت ہو کہ وہ خدا سے جدا کرتی ہیں اور خدا کے لئے تلخی کی زندگی اختیار کرو۔ وہ درد جس سے خدا راضی ہو اس لذت سے بہتر ہے جس سے خدا ناراض ہو جائے"۔ (الوصیت)

پس خدا تعالیٰ کو راضی کرنے کی راہیں تلاش کریں اس کی ایک راہ اس زمانہ میں نظام وصیت میں شامل ہونا ہے اس کے لئے جلدی قدم بڑھائیں۔ پھر اس نظام کا نظام خلافت کے ساتھ بڑا گہرا تعلق ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود نے رسالہ "الوصیت" میں جن دو باتوں کا ذکر فرمایا ہے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ آپ کی وفات کے بعد قدرت ثانیہ کا ظہور ہو گا یعنی نظام خلافت کا اجراء ہو گا جس کا سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا جب تک اپنے اندر روحانی تبدیلیاں پیدا کرنے والے پیدا ہوتے رہیں تو جماعت کے تقویٰ کا معیار بھی بڑھتا رہے گا اور پھر ان قربانی کرنے والے متقیوں کے ذریعہ انشاء اللہ خلافت حقہ...... بھی ہمیشہ قائم رہے گی کیونکہ متقیوں کی جماعت کے ساتھ ہی خلافت کا وعدہ ہے۔ پس اس نعمت کی قدر کریں اور اس کے ساتھ کامل وفا اور پورے اخلاص کے ساتھ وابستہ ہو جائیں اور یاد رکھیں کہ آپ کی ساری ترقیات خلافت سے ہی وابستہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق دے کہ آپ میں سے ہر ایک خلافت احمدیہ کا فرمانبردار رہے اور نظام وصیت میں شامل ہو کر آپ خود بھی اور آپ کی نسلیں بھی خدا کے فضلوں کی وارث بنیں اور اللہ تعالیٰ کی رضا کی جنت میں داخل ہوں۔

کان اللہ معکم۔

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

(مطبوعہ ماہنامہ انصاراللہ وصیت نمبر جون 2005ء)

درویشوں کو سلام

بہت بڑا ہے تمہارا مقام درویشو!
کرو قبول ہمارا سلام درویشو

نہ پی سکے جسے دنیا کے زور و زر والے
پیا ہے فقر کا تم نے وہ جام درویشو

رہے گا زینت تاریخ احمدیت جو
خدا نے تم سے لیا ہے وہ کام درویشو

ریاضِ قدس کے اشجار کی عنادل ہو
زہے نصیب زہے صبح و شام درویشو

ہے بادشاہی سے افضل تمہاری درویشی
رہے گا زندہ ہمیشہ یہ نام درویشو

نہیں ہے آج اگرچہ تمہاری کچھ وقعت
بنو گے تم ہی جہاں کے امام درویشو

خدا کے واسطے کرنا دعا ظفرؔ کیلئے
نظر سے گزرے جو اس کا کلام درویشو

ظفر محمد ظفرؔ

ولادت

مکرمہ شگفتہ مشتاق صاحبہ باب الابواب ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میرے بیٹے مکرم رانا امتیاز احمد خاں صاحب جرمنی کو خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے 19۔اپریل 2007ء کو ایک بیٹی کے بعد پہلے بیٹے سے نوازا ہے نومولود کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے رانا شیراز احمد خاں عطا فرمایا ہے جو کہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ مکرم رانا مشتاق احمد صاحب مرحوم کا پوتا اور مکرم چوہدری عبدالحق خان صاحب کاٹھگڑھی رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے احباب سے نومولود کی صحت وسلامتی خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سبق آموز نمونہ

مکرم ناصر احمد قمر صاحب مربی سلسلہ گوجر خان ضلع راولپنڈی نے یہ خوشکن اطلاع دی ہے کہ گوجر خان کے ایک بزرگ ناصر مکرم مشہود احمد صاحب نے قرآنی احکام سے آگاہی حاصل کرنے کے جذبہ اور قرآنی انوار سے اپنے آپ کو منور کرنے کے ذوق وشوق میں چھ ماہ کی مسلسل جدوجہد کے بعد مکمل قرآن کریم کا ترجمہ سیکھ لیا ہے۔ الحمد للہ۔ اللہ تعالیٰ مبارک کرے ہمارے دوسرے انصار بھائیوں کیلئے یہ ایک عمدہ اور سبق آموز نمونہ ہے۔ اللہ تعالیٰ سب انصار کو اس کی توفیق دے تا وہ قرآنی انوار سے منور کر کے اپنے اپنے گھرانے کیلئے عمدہ نمونہ اور روشن چراغ بن جائیں۔ آمین

(نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

درخواست دعا

مکرم محمود احمد صاحب طاہر ابن مکرم بشیر احمد اختر صاحب فیکٹری ایریا حلقہ سلام ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میری ہمشیرہ محترمہ فرحت مجید صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری مجید احمد صاحب بعارضہ قلب بیمار ہیں اور اس سلسلہ میں مورخہ 7 جون 2007ء کو ان کی انجیوگرافی لاہور میں متوقع ہے۔ احباب جماعت سے عاجزانہ درخواست دعا ہے کہ شافی مطلق اپنے فضل وکرم سے محترمہ ہمشیرہ صاحبہ کو شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور ہر قسم کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

مکرم رشید احمد صحرائی صاحب لندن اطلاع دیتے ہیں کہ میرے چھوٹے بھائی مکرم نعیم احمد صاحب شدید ہارٹ اٹیک کی وجہ سے لندن کے ایک ہسپتال میں داخل ہیں۔ احباب سے معجزانہ اور کامل شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم چوہدری محمود احمد صاحب لیہ شہر اطلاع دیتے ہیں کہ ان کے بیٹے مکرم داؤد احمد صاحب سینے میں شدید درد کی وجہ سے دو ماہ سے بیمار ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تکلیف دور فرمادے اور کامل شفاء عطا فرمادے۔

مکرمہ شائستہ بشیر صاحبہ سٹاف نرس فضل عمر ہسپتال ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میری والدہ محترمہ ارشاد بیگم صاحبہ زوجہ مکرم بشیر احمد صاحب بھلور برہمناں ضلع سیالکوٹ بوجہ ہارٹ اٹیک اور معدہ میں خرابی کے باعث C.M.H سیالکوٹ میں مورخہ 18 مئی 2007ء سے داخل ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ کامل شفاء عطا فرمائے۔ آمین

ولادت

مکرم چوہدری عبدالقادر صاحب کھاریاں ضلع گجرات تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے خاکسار کو مورخہ 12۔اپریل 2007ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت نومولود کا نام عبدالفاطر عطا فرمایا ہے۔ بچہ تحریک وقف نو میں شامل ہے۔ نومولود مکرم چوہدری عبدالباسط صاحب مرحوم کا پوتا اور مکرم چوہدری محمد انور صاحب گڑھی شاہو لاہور کا نواسا اور حضرت حافظ مولوی فضل الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک خادم دین اور والدین کیلئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم انیس احمد محمود صاحب معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے خاکسار کے ہم زلف مکرم احسان علی صاحب سندھی معلم وقف جدید منڈیالہ وڑائچ کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نومولود کا نام شرجیل علی عطا فرما کر وقف نو کی بابرکت تحریک میں قبول فرمایا ہے۔ بچہ مکرم بشیر احمد صاحب ٹیلر ماسٹر کنری کا نواسہ اور مکرم ڈاکٹر حسن احمد صاحب ناز آف کنری کا بھانجا ہے۔ احباب جماعت سے بچے کی صحت وسلامتی درازی عمر، خادم دین اور والدین کے لئے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

سانحہ ارتحال

مکرم مقبول احمد صاحب باجوہ لندن تحریر کرتے ہیں کہ میری پیاری والدہ محترمہ استانی صغریٰ مرزا صاحبہ دارالرحمت شرقی (ب) اہلیہ مکرم محمود احمد باجوہ صاحب مرحوم بنت مکرم مرزا عبدالعزیز صاحب رفیق حضرت مسیح موعود مختصر علالت کے بعد بعمر 74 سال مورخہ 16 مئی 2007ء کو فضل عمر ہسپتال میں اپنے مولیٰ حقیقی سے جاملیں۔ اگلے روز 17 مئی کو بیت المبارک میں بعد نماز عصر ان کی نماز جنازہ مکرم مولانا سلطان محمود صاحب انور ناظر خدمت درویشاں نے پڑھائی مرحومہ موصیہ تھیں اور بہشتی مقبرہ میں ان کی تدفین ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر مولانا موصوف نے ہی دعا کروائی۔ مرحومہ نیک، متقی، ملنسار اور ہر دلعزیز خاتون تھیں ایک لمبا عرصہ فضل عمر ہائی سکول میں پڑھاتی رہیں۔ مرحومہ نے اپنے پیچھے ایک بیٹا اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں جو کہ سب شادی شدہ ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی بلندی درجات کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

بدیوں کے ملک سے نیکیوں کے ملک کی طرف روحانی ہجرت

روحانی سفر مسلسل نیکی میں آگے بڑھنے کا نام ہے جو زندگی کا آخری مقصد ہے

مکرم حنیف احمد محمود صاحب

سیّدنا حضرت مصلح موعود نے 1940ء میں جب ہجری شمسی کیلنڈر کا اعلان فرمایا تو ماہ مئی کو ہجرت کا نام دیا۔ کیونکہ آقا و مولیٰ سیّدنا حضرت محمد مصطفے ﷺ کی مدینہ منورہ کی طرف ہجرت ماہ مئی میں ہوئی تھی۔ اسی مناسبت سے ماہ مئی کا نام ہجرت رکھا گیا۔

گویا ہجرت نام ہے ایک جگہ سے دوسری جگہ چلے جانے کا ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل ہوجانے کا ایک ملک اور وطن کو چھوڑ کر دوسرے ملک اور وطن میں آباد ہوجانے کا۔ اس کے بالمقابل ایک روحانی ہجرت بھی ہے۔ جو شر سے خیر کی طرف۔ بدی سے نیکی کی طرف۔ برائی سے اچھائی کی طرف۔ اندھیرے سے نور کی طرف۔ تخریب سے تعمیر کی طرف۔ نفرت سے محبت کی طرف اور نفاق سے اتفاق کی طرف مسلسل سفر کرنے، لگاتار بغیر کسی انقطاع کے روحانی پرواز کا نام ہے بلکہ ایک مومن کی نیکی، تقویٰ، اخلاص اور اللہ تعالیٰ کی طرف قدم، حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے محبت، خلافت سے وابستگی میں ترقی بھی روحانی ہجرت ہے۔

اس روحانی ہجرت اور پرواز کا ذکر ہمیں قرآن و احادیث کے علاوہ بزرگوں کی کتب میں بھی ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں سیّدنا حضرت محمد مصطفے ﷺ کو مخاطب ہوکر فرماتا ہے کہ:

پس تیزی سے اللہ کی طرف دوڑو۔

(الذاریات:51)

ایک اور موقعہ پر اللہ تعالیٰ نے ہجرت کی فضیلت اور برکت ان الفاظ میں بیان فرمائی ہے کہ:۔

اور جو اللہ کی راہ میں ہجرت کرے تو وہ زمین میں (دشمن کو) نامراد کرنے کے بہت سے مواقع اور فراخی پائے گا اور جو اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلتا ہے پھر اس حالت میں اسے موت آجاتی ہے۔ تو اس کا اجر اللہ پر فرض ہے۔ (النساء:101)

اس آیت کے مطابق ہر مومن ہر وقت مہاجر ہے جو اللہ کی طرف روحانی ہجرت کر رہا ہے اور لقائے باری تعالیٰ کے حصول اور اس کی خاطر سعی کرتے نیکیاں بجا لاتے ہوئے اس کو قضا و قدر آلیتی ہے اور وہ فوت ہوجاتا ہے۔ اس ناطے اس کا اجر اللہ پر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کئی بار مومنوں کی ایک صفت بیان کر کے اس کے اجر کا ذکر فرمایا ہے۔ جیسے سورۃ البقرہ آیت 119۔ اور سورۃ التوبہ آیت 20 ایک اور موقعہ پر فرمایا:۔

کہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک درجے کے اعتبار سے بہت بڑے ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہونے والے ہیں۔ (التوبہ:20)

اب اس آیت میں اور دیگر اس جیسی آیات کریمہ میں ہجرت اور جہاد کا ذکر ہے۔ اور اگر صرف مادی ہجرت اور جہاد کا مطلب لے لیا جائے تو وہ تو ہر مومن کو میسر نہیں آتی۔ اور یوں وہ اُس اجر اور ثواب سے محروم رہ گیا جن کا ان آیات میں ذکر ہے۔ یہاں روحانی معنی بھی لینے ہوں گے کہ ایسے مومن جو ہر وقت لقائے باری تعالیٰ کا سفر جاری رکھتے ہیں۔ بدیوں کا وطن چھوڑ کر نیکیوں کی دنیا میں آنے کے لئے ہجرت کر رہے ہیں اور احکامات الٰہیہ پر اموال و نفوس کی قربانی کر کے ان پر قدم مارنے کے لئے ہر وقت مجاہدہ کرتے رہتے ہیں۔ ان کا خدا کے نزدیک بلند درجہ ہے اور وہ کامیاب ہونے والے ہیں۔

احادیث مبارکہ میں بھی اس روحانی ہجرت کا ذکر کثرت سے ملتا ہے۔

آنحضرت ﷺ سے ایک دفعہ پوچھا گیا کہ کون سی ہجرت افضل ہے تو آپؐ نے فرمایا: **من ھجر ما حرّم اللّٰہ علیہ** کہ جن باتوں کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے ان کو چھوڑ دینا۔

(سنن ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ باب 502)

ایک دوسری روایت کے مطابق یہی سوال جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا کہ کون سی ہجرت افضل ہے تو فرمایا:

ان تھجر ما کرہ ربک کہ ان چیزوں کو ترک کرنا جو تیرے رب کو ناپسند ہیں۔ نیز فرمایا ہجرت دو قسم کی ہے ایک حاضر کی اور دوسری مسافر کی یعنی دور رہنے والے کی اور دور رہنے والے کی ہجرت یہ ہے کہ جب اُسے بلایا جائے تو لبیک کہے اور جب کوئی حکم دیا جائے تو فوراً اطاعت کرے اور حاضر کی ہجرت بہت بڑی آزمائش ہے اور اجر کے لحاظ سے بھی افضل ہے۔ (مسند احمد بن حنبل جلد 2 ص 160)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے ہی روایت ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ''مہاجر'' کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا:۔

المھاجر من ھجر السوء فاجتنبہ کہ جس نے برائیوں سے ہجرت کی اور ان سے مجتنب رہا۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 2 ص 215)

پھر روایت ہے کہ ایک اعرابی نے ہجرت بارے آنحضرت ﷺ سے استفسار فرمایا کہ جب میں کسی جگہ یا قوم یا جہاں کہیں بھی ہوں یا موت کے بعد آپ کی طرف ہجرت کس طرح ہو تو فرمایا:۔

ہجرت یہ ہے کہ تو تمام ظاہری و باطنی فواحش یعنی بُرائیوں سے دُور رہے یا کنارہ کشی اختیار کرے اور نماز قائم کرے، زکوٰۃ دے۔ پھر تم مہاجر ہو خواہ تم اس حالت میں مر بھی جاؤ۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 2 ص 226)

حضرت ابوسعید خدریؓ سے یہ روایت یوں بیان ہوئی ہے کہ ایک اعرابی کے ہجرت بارے پوچھنے پر فرمایا کہ:

ہجرت کا مقام تو بہت عظیم ہے۔ کیا تیرے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے کہا ہاں جی۔ آنحضرت ﷺ نے پوچھا۔ کیا ان کی زکوٰۃ دیتے ہو؟ جواب دیا ہاں جی۔ اس پر آپؐ نے فرمایا کہ سمندروں سے ورے تو کوئی بھی نیک کام کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے اجر میں سے کوئی بھی کمی نہیں کرے گا۔ یعنی ہجرت صرف ملک چھوڑنے کا نام نہیں بلکہ نیکیوں کو اختیار کرنا اور برائیوں سے بچنا اصل ہجرت ہے۔

(سنن ابو دائود کتاب الجھاد)

آنحضرت ﷺ نے مشہور فرمان **انما الاعمال بالنیات** کے ساتھ مزید فرمایا کہ:

جس شخص نے اللہ اور اس کے رسول کی خاطر ہجرت کی اس کی خوشنودی کے لئے اپنے وطن اور خواہشات کو ترک کیا تو اس کی ہجرت اللہ اور رسول کے لئے ہوگی۔

(بخاری کتاب الایمان والنذر باب النیۃ فی الایمان)

اس حدیث میں بھی خواہشات اور جذبات کی قربانی کر کے اللہ اور اس کے رسولؐ کو اعمال میں نمونہ بنانے اور مقدم رکھنے کی ہدایت ہے۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ:

ہجرت کبھی ختم نہ ہوگی جب تک کہ توبہ ختم نہ ہو اور یہ نہ ختم ہوگی جب تک کہ سورج مغرب سے طلوع نہ ہو۔ (سنن ابوداؤد کتاب الجھاد باب الھجرۃ)

اس ارشاد نبویؐ میں دراصل امام مہدی کے زمانہ کی طرف اشارہ ہے کہ مسیح موعود کے وقت تک توبہ کا دروازہ کھلا ہے دوسرے لفظوں میں اللہ اور اس کے رسولؐ اور قرآن میں بیان فرمودہ احکامات پر تعمیل کا روحانی سفر اور ہجرت جاری ہے۔ توبہ کے ذریعہ روحانی ہجرت کی وجہ سے ایک مومن کا جو نیا جنم ہوتا ہے اور نئی پیدائش ہوتی ہے۔ اس کا ذکر کرتے ہوئے سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''جب تم بیعت کرتے ہو تو یاد رکھو ایک وطن کو چھوڑتے ہو اور اسی کا حقیقی نام توبہ ہے اور رجوع اس وطن کو چھوڑ کر دوسرے وطن کی طرف ہجرت کا نام ہے۔''

بیعت توبہ اور ہجرت کے تعلق کو ایک موقعہ پر آپ نے یوں بیان فرمایا:۔

''اسی طرح بیعت میں عظیم الشان بات توبہ ہے جس کے معنی رجوع کے ہیں۔ توبہ اس حالت کا نام ہے کہ انسان اپنے معاصی سے جن سے اس کے تعلقات بڑھے ہوئے ہیں اور اس نے اپنا وطن انہیں مقرر کرلیا ہوا ہے گویا کہ گناہ میں اس نے بود و باش مقرر کر لی ہوئی ہے۔ اُس وطن کو چھوڑنا اور رجوع کے معنے پاکیزگی اختیار کرنا۔ اب وطن کو چھوڑنا بڑا گراں گزرتا ہے اور ہزاروں تکلیفیں ہوتی ہیں۔ ایک گھر جب انسان چھوڑتا ہے تو کس قدر اسے تکلیف ہوتی ہے اور وطن کو چھوڑنے میں تو اس کو سب یار دوستوں سے قطع تعلق کرنا پڑتا ہے اور سب چیزوں کو مثل چارپائی، فرش و ہمسائے، وہ گلیاں کوچے، بازار سب چھوڑ چھاڑ کر ایک نئے ملک میں جانا پڑتا ہے یعنی اس (سابقہ) وطن میں کبھی نہیں آتا۔ اس کا نام توبہ ہے۔ معصیت کے دوست اور ہوتے ہیں اور تقویٰ کے دوست اور۔ اس تبدیلی کو صوفیاء نے موت کہا ہے۔''

ایک اور موقعہ پر **رب ادخلنی مدخل صدق** کے ترجمہ میں فرماتے ہیں:۔

''خدایا پاک زمین میں مجھے جگہ دے۔ یہ ایک روحانی طور کی ہجرت ہے۔''

(دافع البلاء از روحانی خزائن جلد 18 ص 26)

اعمال صالحہ سے ہجرت کر کے اپنے گرد جمع ہونے والوں کو الہامات کی روشنی میں فرمایا:

''یاد رکھ کہ وہ زمانہ آتا ہے کہ لوگ کثرت سے تیری طرف رجوع کریں گے۔ سو تیرے پر واجب ہے کہ تو ان سے بد خلقی نہ کرے اور تجھے لازم ہے کہ تو ان کی کثرت کو دیکھ کر تھک نہ جائے اور ایسے لوگ بھی ہوں گے جو اپنے وطنوں سے ہجرت کر کے تیرے حجروں میں آکر آباد ہوں گے۔ اور تو جانتا ہے کہ وہ کس شان اور کس ایمان کے لوگ ہوں گے۔ وہ بہت قوی الایمان ہوں گے۔ تو دیکھے گا کہ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوں گے اور کہیں گے کہ اے ہمارے خدا! ہم نے ایک آواز دینے والے کی آواز سنی جو ایمان کی طرف بلاتا ہے۔ سو ہم ایمان لائے۔''

(براہین احمدیہ جلد 5۔ روحانی خزائن جلد 21 ص 72)

آنحضرت ﷺ کی ہر آنے والی گھڑی کو خدا تعالیٰ نے گزشتہ گزری ہوئی گھڑی سے بہتر قرار دیا ہے:۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے احباب جماعت کو کئی دفعہ اس روحانی ہجرت کی طرف بلایا۔ ایک موقعہ پر مادی اور روحانی ہجرت میں اس فرق کو واضح فرمایا کہ مادی ہجرت میں بسا اوقات انسان اپنے وطن یا شہر میں

واپس لوٹ آتا ہے لیکن روحانی ہجرت تو مسلسل نیکی کے میدان میں آگے بڑھنے کا نام ہے۔ جو موت چاہتی ہے اور موت کے بعد انسان واپس نہیں آیا کرتا۔ مادی اور روحانی ہجرت میں فرق کے حوالہ سے حضور فرماتے ہیں:۔

''پس اے پاکستان سے ہجرت کرنے والو! تم جہاں کہیں بھی ہو خواہ جرمنی میں ہو یا فرانس میں یا ہالینڈ یا پولینڈ یا امریکہ یا افریقہ یا دوسرے ممالک میں ہو یاد رکھو ایک ہجرت تو ہوگئی اور اس ہجرت سے جو خدا نے وعدے فرمائے تھے پورے کر دیئے۔ تم نے اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھ لیا کہ اس ہجرت کے نتیجے میں تمہیں تنگیاں نہیں بلکہ وسعتیں عطا کی گئی ہیں اور خدا نے ایک بھی وعدہ نہیں جو ٹال دیا ہو ہر وعدہ ہجرت کی برکتوں کا تمہارے ساتھ پورا کر دیا۔ پس اب پوری مستعدی کے ساتھ کامل خلوص کے ساتھ وہ ہجرت کرو جو بدیوں کے ملک سے نیکیوں کے ملک کی طرف ہوا کرتی ہے۔ لیکن یہ وہ ہجرت ہے جس کے بعد لوٹ کر جانا نہیں ہے جس کے بعد مڑ کر دیکھنا نہیں ہے کہ کن لوگوں، کن بدلوگوں سے ہم نے نجات پائی ہے، کن دوستوں کو چھوڑا ہے، کن تعلقات سے روگردانی کی ہے، کن عزیز آرام گاہوں کو ترک کر کے آئے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی مثال میں نے اس لئے پیش کی ہے کہ حضرت مسیح موعود کی اس تحریر کے عین مطابق یہ مثال ہے کہ جب چھوڑتے ہو تو بالکل چھوڑ جاؤ اور بھول جاؤ کہ تم کہاں رہا کرتے تھے، کس دنیا میں بستے تھے۔ وہ سب آرام تج کر دو اور ایک نئی زندگی میں داخل ہو جاؤ۔ اور یاد رکھو کہ جس خدا نے دنیوی ہجرت کے نتیجے میں اپنے کئے گئے وعدے تمہاری توقعات سے بھی بڑھ کر پورے فرمائے وہ تمہاری روحانی ہجرت کو کبھی ضائع نہیں کرے گا۔ تم پر موت نہیں آئے گی جب تک تمہارا دل تسکین سے نہ بھر جائے جب تک وہ سب لذتیں سینکڑوں گنا زیادہ عطا نہ کی جائیں جن لذتوں کو خدا کی خاطر تم نے چھوڑا ہے اللہ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ یہ ہجرت آپ کریں تو سب دنیا آپ کے ساتھ ہجرت پر تیار ہوگی یہی وہ ہجرت ہے جو انسانی زندگی کا آخری مقصد ہے۔''

(خطبہ جمعہ 23/اگست 1996ء از الفضل انٹرنیشنل 11/اکتوبر 1996ء)

خاک کو مٹھی میں بھر کے دیکھیں گے
زندگی کیا ہے مر کے دیکھیں گے

موتوا قبل ان تموتوا کہ مرنے سے پہلے فنا ہو جاؤ' میں اس روحانی ہجرت کی طرف اشارہ ہے۔ جو ایک قسم کی روحانی پرواز ہے۔

چونکہ اس روحانی پرواز میں ایک مومن کو بار بار بطور مسافر کے پیش کیا جا رہا ہے۔ اور وہ ہے بھی حقیقت میں مسافر۔ خود آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ:

میں خود ایک مسافر کی طرح ہوں۔ جہاں آرام ملتا ہے تھوڑا سا ستا لیتا ہوں پھر تازہ دم ہو کر اپنے سفر کو جاری رکھتا ہوں۔

سفر کرتے وقت اور سفر پر جاتے وقت سفر کے تمام تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے سفر کی تیاری کی جاتی ہے۔ زادراہ ساتھ لیا جاتا ہے۔

اسی روحانی پرواز کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''کہ میرا جسم تو شوق کے غلبہ کی وجہ سے تیری طرف اڑنا چاہتا ہے۔ اے کاش مجھ میں اڑنے کی طاقت ہوتی۔'' (آئینہ کمالات اسلام)

انسان کی زندگی میں اپنی سمت درست کرنے، اپنا محاسبہ کرنے اور نئے عہد باندھنے کے کئی مواقع آتے ہیں۔ جیسے رمضان ہے۔ شمسی اور ہجری ہر دو کیلنڈروں کے آغاز ہیں۔ جمعہ کا دن ہے۔ جلسہ سالانہ کے ایام اور شوریٰ بھی ہو سکتی ہے طالب علم کے لئے نئی کلاس کا پہلا دن ہے یہ اور اس طرح کے دیگر دن۔ دراصل ایک انسان جو مسافر بھی ہے کے لئے پختہ عزم، عہد باندھنے کے دن ہیں۔ جس طرح ہر بڑے شہر سے باہر ایک زیرو پوائنٹ ZERO POINT ہوتا ہے جہاں پہنچنے سے پہلے یا پہنچ کر درست، چھوٹا راستہ اپنایا جاتا ہے اپنی منزل مقصود کے لئے۔ بعینہ انسان کی زندگی کی مختلف شاہراہوں کا ایک زیرو پوائنٹ بھی ہے ایک ROAD MAP بھی ہے جہاں انسان کو ذرا رک کر تھوڑا سا آرام کر کے نئے ایندھن کے ساتھ۔ نئے جذبہ اور عزم کے ساتھ بڑی تیزی سے آگے بڑھنے اور اپنی سمت درست کرنے کا موقعہ ملتا ہے۔ اور ایک مومن کو ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہئے کہ کون سا چھوٹا، مختصر SHORT CUT ہے جس پر چل کر جلد لقائے باری تعالیٰ حاصل ہو سکتا ہے۔ اور اپنی روحانی منزل مقصود پر پہنچا جا سکتا ہے۔

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب نے اس ناطہ سے احباب جماعت کو ایک نسخہ بتلا کر بہت اچھے رنگ میں ان کی رہنمائی فرمائی ہے کہ:۔

ہر رمضان میں انسان ایک نیکی اپنانے اور ایک بدی چھوڑنے کا مصمم ارادہ کرے تو اپنی زندگی میں جب وہ کئی ایک رمضان پائے گا تو بے شمار نیکیاں اپنا رہا ہوگا اور کئی بدیاں چھوڑ رہا ہوگا۔ یوں وہ پاک وصاف ہو کر خدا کے حضور حاضر ہوگا۔

لوگ کہتے ہیں کہ زندگی ایک سہانا سفر ہے دینی نقطہ نگاہ سے کفار اور غیر مومنوں کے لئے تو سہانا سفر ہو سکتا ہے مگر مومنوں کے لئے تو قید خانہ ہے۔ جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

مومن کو اللہ کی رضا کے حصول کے لئے اپنے اوپر موت وارد کرنی پڑتی ہے۔ عبادات کی حقیقی لذت سے آشنا ہونے کے لئے اپنے اوپر سختی وارد کرنی پڑتی ہے۔ راتوں کو نرم اور گرم بستر چھوڑ کر اللہ کے دربار میں حاضری دینی پڑتی ہے۔ اور ''وللآخرۃ خیر'' کے لئے سختی کے دور میں سے گزرنا پڑتا ہے۔ عبادالرحمٰن بننے کے لئے اپنی نفسانی خواہشات کو خیرآباد کہہ کر اللہ اور اس کے رسول کی خواہشات اور جذبات کو ملحوظ خاطر رکھنا پڑتا ہے۔ اور گناہوں، بدیوں اور لغزشوں سے دوری حاصل کرنے کی سعی مسلسل بالآخر ایک مومن کو تمام آلائشوں سے پاک نومولود بچے کی طرح اپنے رب اعلیٰ کے حضور پیش کر رہی ہوتی ہے۔ اس وقت اس مومن کی کیفیت ایک ایسے لٹھے کی چادر جیسی ہوتی ہے جو دھوبی سے دھل کر آئی ہو جس پر بدی یا گناہ کا کوئی داغ اور دھبہ نہ ہو جو اپنی آنکھوں کو بھی بھلی لگے اور دوسروں کی آنکھوں کو بھی بھائے۔

ہمارے پیارے موجودہ امام ایدہ اللہ تعالیٰ جب سے خلافت کے مبارک منصب پر فائز ہوئے ہیں تب سے دنیا بھر میں پھیلے احمدی احباب وخواتین کو بدیاں ترک کرنے اور نیکیاں اپنانے کی تلقین فرما رہے ہیں۔ تا ہم پاک صاف ہو کر نہا دھو کر اجلے دھلے ہوئے لباس یعنی لباس تقویٰ کے ساتھ خلافت جوبلی کی دوسری صدی میں داخل ہوں۔ مضمون کے آخر میں ان چند نیکیوں اور حسنات کا ذکر کیا جاتا ہے جن کی طرف ہمارے پیارے امام ہمیں بلا رہے ہیں۔ ہم سب کا فرض ہے کہ ہجرت کا دینی مفہوم اور فلسفہ رتبے پر، اپنے اہل خانہ پر، اپنے عزیز واقارب پر اور احباب جماعت پر لاگو کر کے ہر فرد جماعت کو خلافت احمدیہ کا حقیقی وفادار، جاں نثار اور مطیع وفرمانبردار پروانہ بنا دیں۔ جس کو دیکھ کر ہمارے پیارے خلیفہ بھی خوش ہو رہے ہوں۔ ہمارا خدا بھی راضی ہو رہا ہو اور معاشرہ کے حسن میں بھی اضافہ کا موجب بن رہا ہو۔ اللہ کرے ایسا ہی ہو۔ اور ہم سب کو اپنے اللہ کا منظور نظر بنائے اور اپنے آقا کا نور نظر اور سلطان نصیر بننے کی توفیق دے۔ اور ہر ایک **نحن انصار اللہ** کی آواز بلند کر رہا ہو۔ آمین

اب یہاں روحانی ہجرت کے لئے موجودہ دور کے وقت کی آواز درج کی جاتی ہے۔

1۔ اپنے اندر اللہ کی صفات ودیعت کرنے کی طرف سفر میں تیزی۔

2۔ نماز خدا کا حق ہے اسے خوب ادا کرو۔

3۔ دعاؤں کی طرف توجہ دیں۔ روحانی پروگرام پر عمل کریں۔

4۔ قرآن کریم پڑھنے، پڑھانے اور اس کی پیاری تعلیم پر عمل کرنے اور کرانے کی سعی۔

5۔ مالی قربانی بالخصوص زکوۃ کی ادائیگی اور وصیت کے مبارک نظام سے منسلک کریں۔

6۔ خلافت سے وابستگی بہت ضروری ہے۔

7۔ عزیز واقارب۔ عزیز رشتہ داروں سے صلہ رحمی۔

8۔ اپنے اہل خانہ سے حسن معاشرت۔

9۔ لین دین میں ہاتھ صاف ہوں۔

10۔ بچے والدین کی عزت کریں اور والدین بچوں کی عزت نفس کا خیال رکھیں۔

11۔ الیکٹرونکس ایجادات سے اچھے رنگ میں استفادہ۔

12۔ مخلوق سے ہمدردی کا سفر۔

13۔ اخلاق حسنہ کی پیروی اور اخلاق سیئہ سے اجتناب۔

14۔ پانچ بنیادی اخلاق اپنائیں۔

1857ء۔ ایک اور نقطہ نظر

مشہور تاریخ دان ڈاکٹر مبارک علی لکھتے ہیں۔

جدید دور میں 1857ء کی تاریخ لکھتے ہوئے اس واقعہ کو مختلف زاویہ ہائے نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، ان میں سے ایک مذہبی ہے، مسلمان مورخ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ 1857ء کی جنگ صرف مسلمانوں نے لڑی اور اس میں ہندوؤں کا کوئی امتیازی حصہ نہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ جنگ ہندو اور مسلمانوں کی مشترک جنگ تھی۔ اس میں ہندوؤں نے بھی اسی قدر قربانیاں دیں جس قدر کہ مسلمانوں نے۔ اس حقیقت کو نہیں بھولنا چاہئے کہ اس جنگ کا پہلا شہید منگل پانڈے تھا۔ انگریزوں سے لڑنے کے لئے ہندو گنگا کے پانی پر اور مسلمان قرآن پر قسم کھاتے تھے۔ انگلستان کے وزیراعظم ڈزرائیلی نے پارلیمنٹ میں جو بیان دیا اس میں اس بات کی نشان دہی کی گئی کہ 'ہماری حکومت میں پہلی مرتبہ ہندو اور مسلمانوں نے اتحاد کیا، پیر علی خان جو ایک انگریزی جاسوس تھا، اس کے گھر سے ایک خط برآمد ہوا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ انگریزوں نے ہندوؤں اور مسلمانوں میں تفریق کی پالیسی بنائی تھی۔ 1857ء کے ہنگامہ میں پنڈت، ہندو سپاہیوں کو پتھروں سے نکال نکال کر پیش گوئیاں دکھاتے تھے کہ ان کی فتح ہوگی۔ وہ دہلی کے بازاروں میں پوتھیاں لیے پھرتے تھے اور دھرم شاستروں کے حکم کے مطابق انگریزوں سے لڑنے کے لئے اکساتے تھے۔ ہندوؤں کی قربانیاں جو انہوں نے اس جنگ میں دیں اسے یکسر مٹایا نہیں جا سکتا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ جب کمپنی کے خلاف بغاوت نے شدت اختیار کی اور ہندوستان میں ان کا اقتدار خطرے میں پڑا تو اس وقت مسلمانوں کے علماء کے ایک طبقہ نے ہندوستان میں اسلامی حکومت کے احیاء کا نعرہ لگایا لیکن بدقسمتی سے وہ ہندوستان کی سیاست اور حالات سے پوری طرح واقف نہ تھے کہ کیا وہ مغلیہ سلطنت کا احیاء چاہتے تھے یا اس کی جگہ مذہبی حکومت قائم کرنا چاہتے تھے؟ 1857ء میں اس مذہبی طبقہ نے اس جنگ کو مذہبی رنگ دیا۔ ان کی کوشش تھی کہ یہ تحریک صرف مسلمانوں تک محدود رہے۔ انہوں نے اس حقیقت پر غور نہیں کیا کہ ہندوستان میں مسلمان اقلیت میں ہیں جبکہ اکثریت ہندوؤں کی ہے۔ اگر ان کا مقصد یہ تھا کہ انگریزوں کو ہندوستان سے نکال کر وہ ہندوؤں کو پھر سے محکوم بنائیں تو یقیناً یہ ان کی غلط فہمی تھی، بدقسمتی سے علماء کے اس گروپ نے مذہب اور دین کا نعرہ لگا کر اس تحریک کو تعصب اور مذہبی تنگ نظری کی جانب ڈالا اور دوسری طرف ہندوؤں میں بدگمانیاں پیدا کیں۔ کچھ واقعات ایسے ہوئے جنہوں نے ہندو مسلم اشتراک کی فضا کو جو اس ہنگامہ کے دوران عروج پر تھی اس کو مذہبی تعصب سے زہر آلود کیا۔ ان میں مولوی احمد اللہ کی شخصیت اہمیت کی حامل ہے جنہوں نے اپنی بادشاہت کا اعلان کر کے اپنا سکہ بھی ضرب کرایا۔

(روزنامہ ایکسپریس 12 دسمبر 2006ء ص 13)

مکرم زاہد محمود احمد صاحب

میرے نانا اور نانی جان

مکرم پیر شریف احمد صاحب اور مکرمہ سارہ نسیم صاحبہ

میں شروع سے اپنے نانا اور نانی کو اماں اور ابو کہا کرتا تھا۔ اسی لئے اپنے مضمون میں بھی میں نے یہی الفاظ ان کے لئے استعمال کئے ہیں۔ میرے ابو پیر شریف احمد صاحب حضرت صوفی احمد جان صاحب لدھیانوی کے پڑپوتے تھے۔ آپ کے دادا حضرت پیر افتخار احمد صاحب اور والد حضرت پیر حبیب احمد صاحب حضرت مسیح موعود کے رفیق تھے۔ آپ کی پیدائش قادیان میں 1927ء میں ہوئی۔ ساتویں جماعت تک تعلیم قادیان میں ہی حاصل کی۔ آپ کے والد حضرت پیر حبیب احمد صاحب مدرسہ احمدیہ قادیان میں مدرس رہے۔ بعدازاں زیرہ ضلع فیروزپور میں ایک سکول میں ہیڈ ماسٹر ہو گئے۔ ابو بھی ساتویں کے بعد اپنے والد کے پاس زیرہ چلے گئے۔

ابو میٹرک میں تھے کہ تقسیم ہند ہوگئی۔ تقسیم کے بعد پہلے جودھامل بلڈنگ اور بعدازاں جہلم منتقل ہو گئے۔

میری اماں سارہ نسیم صاحبہ کے والد صاحب کا نام غلام علی راٹھور صاحب تھا۔ 1920ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں شامل ہوئے۔ میری اماں کے والد کا تعلق کنجاہ ضلع گجرات سے تھا۔ پورے خاندان میں سے صرف اماں کے والدین ہی احمدی ہوئے تھے۔ اس وجہ سے بے حد مخالفت کا سامنا کرنا پڑا لیکن پائے ثبات میں لغزش نہیں آئی۔ بیعت سے پہلے افریقہ میں تھے وہاں واپسی بھی نہ ہوسکی۔ گھر سے بھی نکلنا پڑا۔ یوپی (اترپردیش) میں کپڑے کا کاروبار شروع کیا۔ اللہ تعالیٰ نے بے حد فضل فرمایا۔ یوپی میں ہی اماں کی پیدائش ہوئی اپنے بہن بھائیوں میں چوتھے نمبر پر تھیں۔ تقسیم ہند کے بعد اماں کے والد دوبارہ گجرات آ کر آباد ہو گئے۔

17 جولائی 1951ء کو میرے اماں ابو کی شادی ہوئی۔ اماں اور ابو دونوں مجسم شفقت ہونے کے علاوہ میرے لئے بہت متاثر کن تھے۔ ان کی کئی باتیں خاص الخاص تھیں۔ وہ نمازوں میں التزام، باقاعدگی سے تلاوت قرآن کریم، حضرت خلیفۃ المسیح کی کامل اطاعت اور بے حد دعا گو تھے۔ اماں کی وفات کے وقت میری عمر قریباً ساڑھے پندرہ سال تھی۔ میں نہیں جانتا کہ کب اٹھا کرتیں۔ حالانکہ ایک ہی کمرے میں ہم سوتے تھے۔ رمضان المبارک میں بھی اپنے نوافل سے فارغ ہو کر سحری بنانا شروع کرتیں تو مجھے جگاتیں اور یہ وقت بھی وقت سحر ختم ہونے سے قریباً ڈیڑھ گھنٹے سے زائد ہوا کرتا تھا۔ رات کئی دفعہ اتفاق ہوا کہ آنکھ کھلی اور ابو کو تہجد ادا کرتے دیکھا۔ باوجود جوڑوں کی بہت سخت تکلیف کے میں نے کبھی ان کو نماز چھوڑتے نہیں دیکھا۔ ابو کی آخری بیماری کے دن مجھے نہیں بھولتے۔ وفات سے دو دن پہلے کی بات ہے۔ ہسپتال میں میں ان کے پاس تھا۔ فجر کے وقت مجھ سے وقت دریافت کیا اور کہنے لگے کہ مجھے اٹھا دو میں نے وضو کرنے جانا ہے۔ حالت تشویشناک تھی۔ CCU میں داخل تھے۔ میں نے کہا کہ ڈاکٹر نے تو آپ کو ملنے سے بھی منع کیا ہے کجا یہ کہ آپ وضو کرنے جائیں۔ کہنے لگے بیٹا وضو کرنے میں کیا دقت ہو گی۔ ان کے بے حد اصرار پر میں نے ڈاکٹر کو بلوایا اور اس نے بھی یہی کہا کہ آپ لیٹے لیٹے نماز ادا کرلیں۔ اس وقت آپ کا حرکت کرنا آپ کے لئے نہایت مضر ہے۔ چنانچہ بڑی مشکل سے تیمّم سے نماز ادا کرنے پر راضی ہوئے۔ غالباً 10 بجے کا وقت ہوگا میں نے دیکھا کہ لیٹے لیٹے نماز کی نیت باندھی ہے۔ میں خاموش رہا۔ جب نماز ختم کی تو میں نے پوچھا ابو کون سی نماز پڑھ رہے تھے؟ کہنے لگے میری فجر کی نماز معلوم نہیں کیسے رہ گئی میں نے ابھی وقت دیکھا ہے۔ تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں؟ میں نے کہا ابو نماز تو آپ نے وقت پر پڑھ لی تھی۔ کہنے لگے اچھا۔ میں سمجھا نماز رہ گئی ہے اور مجھے پریشانی ہوئی کہ نماز وقت پر ادا نہیں ہوسکی رہ نہ جائے ابھی پڑھ لوں۔ اپنی وفات والے دن سارا دن آپ بے ہوش رہے اور بالآخر اسی حالت میں جان جان آفریں کے سپرد کی۔ لیکن اس سے پہلے میں نے کوئی نماز اکیس سالوں ضائع ہوتی میں نہیں دیکھی۔

اماں ابو دونوں میں بہت حوصلہ تھا۔ دونوں دل کے مریض تھے۔ اماں کو اس کے علاوہ بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) اور ذیابیطس کا مرض بھی تھا۔ لیکن کبھی میں نے انہیں بستر پر ہائے ہائے کرتے نہیں دیکھا۔ میں نے بچپن سے انہیں جماعتی کام بڑھ چڑھ کر کرتے دیکھا ہے۔

اماں ابو بے حد پیار تو کرتے ہی تھے۔ لیکن نمازوں، اجلاسات وغیرہ میں جانا لازمی تھا۔ اس میں رعایت نہیں تھی۔ اسی طرح صبح جلدی اٹھنا بھی لازمی تھا۔ دیر تک سونے کا کوئی رواج ہمارے گھر میں نہیں تھا۔ ابو نے بہت منظّم زندگی گزاری۔ ان کے کپڑے گو سادہ لیکن ہر قسم کے تکلفات سے مبرا ہوتے تھے۔ لباس ہمیشہ صاف ستھرا اور بے شکن ہوا کرتا تھا۔ جب تک ابو دفتر جایا کرتے تھے۔ صبح نماز کے بعد بلند آواز سے تلاوت کرنا پھر دفتر جانا۔ شام واپس آنے کے بعد اکثر وقت نکال کر رات 8 بجے بی بی سی کی خبریں سننا۔ ریٹائرمنٹ کے بعد صبح کا وقت مطالعہ میں گزارا کرتے تھے۔ شام کو سیر کرنے جاتے تھے۔ ان کے روز کے معمولات میں سوائے خاص وجوہات کے کبھی کوئی فرق نہیں آیا۔

اماں بہت لمبا عرصہ اپنے حلقہ کی صدر لجنہ رہیں۔ کئی دفعہ شدید بیماری کے ایام میں بھی اگر حضرت صاحب کی طرف سے کوئی حکم آجاتا تو پھر تو سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا کہ آپ لبیک کہتے ہوئے فوراً اس کام پر کمر بستہ نہ ہو جاتیں۔

ابو کافی لمبا عرصہ مجلس انصاراللہ کے منتظم مال رہے۔ پھر آخری چند سالوں میں جب بہت بیمار ہو گئے اور ڈاکٹروں نے زیادہ کام کرنے سے منع کیا تو زعیم صاحب انصاراللہ کہنے لگے پیر صاحب ہم نے آپ کو اپنی ٹیم میں شامل رکھنا ہے آپ آڈٹ کا کام سنبھال لیں اور فکر نہ کریں۔ ہم گھر پر آپ کو تمام کام پہنچا دیا کریں گے۔ چنانچہ ابو یہ کام کرتے رہے۔ وفات کے بعد مجلس کے ریکارڈ وغیرہ سے متعلقہ چند فائلز میں نے زعیم صاحب انصاراللہ کے سپرد کیں۔

میرے سکول میں داخل ہونے کے کچھ عرصہ بعد ہی میری فرمائش پر ابو نے مجھے ایک بہت بڑا تختہ سیاہ (بلیک بورڈ) بنوا کر دیا۔ پھر اس پر پہلا کام یہ ہوا کہ میری خالہ نے اس پر حضرت صاحب کے نام دعا کا خط لکھا جو میں نے وہاں سے نقل کر کے لکھا۔ اس طرح حضرت صاحب کو دعا کا خط لکھنے کی بہت بچپن سے عادت ڈالی گئی۔

میں ابھی چھوٹا ہی تھا تو صد سالہ جشن تشکر کی دعائیں یاد کروائیں۔ جب میں نے نماز یاد کرنی شروع کی تو اکثر اماں کو ہی یا پھر خالہ کو پاس بٹھا کر نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہو جاتا۔ بلند آواز سے ساری نماز پڑھتا جہاں بھول جاتا یا غلطی ہو جاتی تو فوراً درستگی کروا دی جاتی۔

جب میں نے درود شریف سیکھا تو اماں نے سمجھایا کہ سفر میں آتے جاتے فارغ بیٹھنے کی بجائے درود شریف پڑھنا چاہئے۔ کراچی میں جن لوگوں کو سفر کرنے کا تجربہ ہے وہ خوب جانتے ہیں کہ بسوں میں کس قدر اونچی آواز میں گانوں کا بے ہنگم شور ہوتا ہے۔ ایسے میں میرے لئے تمام توجہ درود شریف کی طرف رکھ کر اس شور میں درود شریف پڑھنا نہایت دقت طلب ہوتا تھا لیکن اماں کو میں نے کئی دفعہ نوٹ کیا کہ وہ نہایت استغراق سے درود شریف اور دیگر دعاؤں کا ورد کرتی رہتی تھیں۔

ابو شروع سے خاموش طبع اور درویش صفت انسان تھے۔ حلقہ احباب بھی زیادہ نہ تھا۔ چند دوست ہی تھے۔ باقی جماعتی طور پر محبت کا تعلق سب سے تھا۔ جماعتی کاموں کے علاوہ کسی سے ملنے کم ہی جانا ہوتا تھا۔ اماں کے پاس البتہ خواتین کا آنا جانا جماعتی کاموں کے علاوہ ملنے ملانے کے لئے بھی لگا رہتا تھا۔

2000ء میں میں جامعہ آ گیا۔ اسی سال اکتوبر میں مجھے ملنے ربوہ آئے۔ میرے جامعہ احمدیہ میں داخلہ پر بہت خوش تھے۔ سال میں دو دفعہ بڑی عید اور گرمیوں میں کراچی جانا ہوتا۔ ابو سے ڈھیروں باتیں ہوتیں۔ خط لکھنے میں ابو باقاعدہ تھے۔ میں بھی خط لکھا کرتا، فون پر بھی بات ہو جاتی۔ ابو شروع سے کسی کو بھی خط لکھتے تو خط بے حد مختصر مگر بے حد جامع ہوتا۔ جبکہ میرے خطوط تو صفحوں کے صفحے ہوتے۔ جامعہ میں ہی مجھے ابو کا ایک ایسا خط ملا جو فل سکیپ صفحے کے دونوں اطراف میں لکھا ہوا تھا۔ خط دیکھتے ہی میں حیران ہوا کہ اتنا لمبا خط ابو نے لکھا ہے؟ خط میں اپنے معمولات لکھنے کے بعد لکھا کہ آج خط بہت لمبا ہو گیا ہے تم تو جانتے ہو کہ میں کبھی اتنا لمبا خط نہیں لکھتا اور میں نے اپنی ہوش سے کبھی ابو کو اتنا لمبا خط کسی کو لکھتے نہیں دیکھا۔

پڑھائی کے دوران کوئی مشکل ٹیسٹ ہوتا تو فوراً ابو کو کہتا کہ بہت دعا کریں یہ جانتے ہوئے بھی کہ ہمیشہ ابو میرے لئے بہت دعائیں کرتے ہیں اور وہ اور زیادہ دعاؤں سے میری مدد کرتے۔

25 نومبر 2003ء کو رات قریباً ساڑھے گیارہ بجے آپ کی وفات ہوئی اور اگلے دن باغ احمد قبرستان کراچی میں تدفین ہوئی۔

ابو نے ایک ڈائری بنائی ہوئی تھی جس میں بعض قرآنی ادعیہ، بعض احادیث میں بیان ادعیہ، حضرت مسیح موعود اور خلفاء سلسلہ کی کتب سے اقتباسات نوٹ کرتے۔ اماں ابو دونوں کو ہی مطالعہ کی عادت تھی۔ مجھے مطالعہ کی عادت ڈالنے کے لئے اماں نے مجھے بچپن سے ہی جماعتی کتب جو بچوں کے لئے ہوتیں لا کر دینا شروع کیں۔ جب مجھے پڑھنا نہیں آتا تھا تو پڑھ کر سنایا کرتیں جب مجھے کچھ کچھ پڑھنا آیا تو مجھ سے پڑھواتیں۔ تلفظ کی غلطیاں درست کرواتیں۔ اکثر کتب کے تحائف دیتی رہتیں۔

اماں کو اردو اور پنجابی زبان خوب آتی تھی اور محاوروں کا بکثرت استعمال کیا کرتی تھیں اور اردو شاید یوپی (UP) میں رہنے کی وجہ سے اتنی صاف تھی کہ کوئی جھلک اردو بولتے ہوئے پنجابی کی دکھائی نہ دیتی تھی۔

ایک بات یاد آئی میں شاید نیا نیا سکول جانے لگا تھا۔ کسی بچے کی سالگرہ ہوئی تو اس نے کلاس میں بتایا کہ میرے ممی پپا نے پارٹی کی اور بہت سارے لوگ آئے اور گفٹ ملے۔ کچھ دن بعد میری سالگرہ آئی تو میں نے کہا کہ آج میری سالگرہ ہے میں بھی مناؤں گا۔ اماں نے سمجھایا کہ بیٹا حضور نے منع کیا ہے۔ سالگرہ نہیں مناتے۔ میں نے کہا ٹھیک ہے لیکن گفٹ تو لے سکتے ہیں نا۔ ابو مجھے گفٹ دیں۔ اماں نے سمجھایا کہ بیٹا ہم سالگرہ نہیں مناتے گفٹ دیں گے تو بھی منائیں گے ہی نا۔ خیر میں مان گیا۔ شام ابو نے مجھے اپنے پاس بلایا اور میرے ہاتھ میں ایک کاغذ دیا کہ یہ تمہارا گفٹ ہے۔ خالہ نے وہ کاغذ دیکھا تو مجھے کہا کہ ابو نے تمہیں جو گفٹ دیا ہے اس سے اچھا کوئی گفٹ نہیں۔ ابو نے تمہاری طرف سے تحریک جدید کا چندہ دیا ہے۔ یہ سب سے قیمتی گفٹ ہے۔

ہر جان نے موت کا مزہ چکھنا ہے۔ جو آیا ہے اس نے جانا بھی ہے۔ اللہ کرے کہ میرے اماں اور ابو خدا تعالیٰ کے ان بندوں میں سے ہوں جن پر اللہ تعالیٰ کی بہت پیار کی نظریں پڑتی ہوں۔ جو بغیر حساب کے بخشے جائیں اور اللہ تعالیٰ کی محبت اور رحمت اور ستاری ان کو لپیٹ لے۔ آمین

تنہائی

دیدہ و دل میں گھول رہے ہیں درد کے اوقیانوس
مجبوروں کے ایشیا اور مزدوروں کے رُوس
تنہائی میں جل اُٹھے ہیں یادوں کے فانوس
یاد کی جوت جگائی
تنہائی ' تنہائی

بنجر ٹیلوں میں اُگ آئے خواہش کے شہتوت
حال کے گلشن میں لا رکھا ماضی کا تابوت
بزمِ طرب میں ڈرتے ڈرتے آیا ایک اچھوت
کیوں ڈرتے ہو بھائی!
تنہائی ' تنہائی

پت جھڑ کے طوفان میں پیلے پتّے ہیں مجبور
وقت کا سینہ کھود رہے ہیں لمحوں کے مزدور
تنہائی میں چاند نے چوسے اشکوں کے انگور
آگ سے آگ بجھائی
تنہائی ' تنہائی

دھیان کی ٹہنی ٹہنی پر رقصاں ہیں من کے مور
لفظوں کے دروازے توڑ رہے ہیں گونگے چور
دشت کے سینے میں برپا ہے تنہائی کا شور
قیس نے ٹھوکر کھائی
تنہائی ' تنہائی

شعر کے گورے گال پہ نکلا تنہائی کا تل
لفظوں کے درویش کھڑے ہیں اُٹھ عزّت سے مل
یاد کی گت پر ناچ رہے ہیں دروازوں کے دل
چیختی ہے شہنائی
تنہائی ' تنہائی

یہ کس کی تصویر کو جھک کر چوم رہے ہیں چاند
نیند کی نیّا ڈول رہی ہے جھوم رہے ہیں چاند
پانی کے پردیس میں تنہا گھوم رہے ہیں چاند
پار پون لہرائی
تنہائی ' تنہائی

کوٹھوں پر یوں سیر کو نکلی ہیں کس کی آشائیں
نچلی منزل والوں سے کہہ دو اوپر مت آئیں
تھک جائیں تو بھیگی آنکھوں سے تلوے سہلائیں
گھورتی ہے گہرائی
تنہائی ' تنہائی

روما کی دیواروں سے رِستی ہے خون کی مَے
سیزر کو جب مار چکو بولو سیزر کی جَے
مصر کے مردہ خانوں میں اک ممّی بول رہی ہے
ہنستا ہے سودائی
تنہائی ' تنہائی

وقت کی نیلی جھیل میں اُٹھا لمحوں کا طوفان
انسانوں سے آن ملیں گے پھر واپس انسان
صحرا کے سینے میں جاگے آس کے نخلستان
دشت میں آندھی آئی
تنہائی ' تنہائی

چوہدری محمد علی

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 69027 میں زرناب مقصود

بنت مقصود احمد قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیکٹری ایریا سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-4-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ زرناب مقصود۔ گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد آصف۔ گواہ شد نمبر 2 ریاض احمد ججہ

مسل نمبر 69028 میں شمائلہ مقصود

بنت مقصود احمد قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیکٹری ایریا سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-4-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شمائلہ مقصود۔ گواہ شد نمبر 1 غیور احمد ولد مقصود احمد مبارک گواہ شد نمبر 2 ریاض احمد ججہ ولد عبداللہ خاں (مرحوم)

مسل نمبر 69029 میں ثمینہ کوثر

بنت محمد احمد (مرحوم) قوم شیخ پیشہ خانہ داری عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیکٹری ایریا سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-4-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/250 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ ثمینہ کوثر۔ گواہ شد نمبر 1 شیخ شہباز احمد ولد محمد احمد (مرحوم) گواہ شد نمبر 2 ریاض احمد ججہ ولد عبداللہ خاں (مرحوم)

مسل نمبر 69030 میں شیخ شہباز احمد

ولد شیخ محمد احمد (مرحوم) قوم شیخ پیشہ ٹیلرنگ عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیکٹری ایریا سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-4-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت ٹیلرنگ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ شیخ شہباز احمد۔ گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد آصف ولد رفیق احمد ناصر۔ گواہ شد نمبر 2 عثمان احمد ولد محمد احمد

مسل نمبر 69031 میں زیبا ریاض

بنت ریاض احمد ملہی قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیکٹری ایریا سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-4-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ زیبا ریاض۔ گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد آصف ولد رفیق احمد ناصر۔ گواہ شد نمبر 2 ریاض احمد ججہ ولد عبداللہ خاں (مرحوم)

مسل نمبر 69032 میں نیلم ریاض

بنت ریاض احمد ملہی قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیکٹری ایریا سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-4-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/250 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ نیلم ریاض۔ گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد آصف ولد رفیق احمد ناصر۔ گواہ شد نمبر 2 ریاض احمد ججہ ولد عبداللہ خاں (مرحوم)

مسل نمبر 69033 میں شاہدہ پروین

زوجہ ریاض احمد ملہی قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیکٹری ایریا سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-4-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر ادا شدہ -/10000 روپے (2) طلائی زیور مالیتی -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شاہدہ پروین۔ گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد آصف ولد رفیق احمد ناصر۔ گواہ شد نمبر 2 ریاض احمد ججہ ولد عبداللہ خاں (مرحوم)

مسل نمبر 69034 میں وحید احمد بُھٹہ

ولد رشید احمد بُھٹہ قوم بُھٹہ پیشہ دوکانداری عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن حافظ آباد بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 23-3-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1200 روپے ماہوار بصورت دوکانداری مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ وحید احمد بُھٹہ۔ گواہ شد نمبر 1 نوید انجم ولد محمد بشیر۔ گواہ شد نمبر 2 عمیر احمد نعیم ولد نعیم احمد بزاز

مسل نمبر 69035 میں شازیہ نسرین

بنت رشید احمد بُھٹہ قوم بُھٹہ پیشہ خانہ داری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن حافظ آباد بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شازیہ نسرین۔ گواہ شد نمبر 1 محمد ارشاد انور مربی سلسلہ ولد محمد اسماعیل (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 خالد محمود ولد غلام محمد

مسل نمبر 69036 میں مبشرہ نسرین

بنت رشید احمد بُھٹہ قوم بُھٹہ پیشہ خانہ داری عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن حافظ آباد بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مبشرہ نورین۔ گواہ شد نمبر 1 محمد ارشاد انور مربی سلسلہ ولد محمد اسماعیل (مرحوم) گواہ شد نمبر 2 خالد محمود ولد غلام محمد

مسل نمبر 69037 میں نصیر احمد طاہر

ولد محمد بشیر قوم رحمانی پیشہ دکانداری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن حافظ آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 9-3-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت دوکانداری مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل

صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ نصیر احمد طاہر۔ گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر لقمان نصیر ناصر ولد حکیم نصیر احمد تنویر۔ گواہ شد نمبر 2 محمد ارشاد انور مربی سلسلہ ولد محمد اسماعیل (مرحوم)

مسل نمبر 69038 میں الماس ایوب بٹ

